# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 14 July-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 14/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ مہاراشٹر کو اقتصادی ترقی کا پاور ہاؤس اور ممبئی کو فن ٹیک راجدھانی بنانا میرا خواب ہے۔ وزیراعظم کا بیان۔

☆ قانون ساز کاؤنسل میں پارٹی وہیپ کے خلاف ووٹ دینے والے اراکین پر کاروائی کا کانگریس پارٹی کا انتباہ۔

☆ مراٹھا ریزرویشن کی خاطر بیداری کے لیے امن ریلی کا چھترپتی سمبھاجی نگر میں اختتام۔

☆ دھنگر سماج کے مطالبات کے لیے لاتور میں گذشتہ 16 دنوں سے جاری بھوک ہڑتال ختم۔

اور۔۔ ☆ چوتھے T-20 کرکٹ مقابلے میں بھارت نے زمبابوے کو 10 وکٹوں سے ہرایا۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مہاراشٹر کو دنیا میں اقتصادی ترقی کا سب سے بڑا پاور ہاؤس اور ممبئی کو فن ٹیک یعنی مالی اور تکنیکی راجدھانی بنانا ان کا خواب ہے۔ وزیراعظم کل ممبئی میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ جہاں 29 ہزار 400 کروڑ سے زائد خرچ کے مختلف منصوبوں کا افتتاح کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ بھارت بنانے میں مہاراشٹر کا بڑا رول ہے۔ مودی نے بتایا کہ مہاراشٹر کی صنعتیں، زراعت اور مالیاتی شعبے طاقتور ہے جس کے سبب یہ بھارت کا مالیاتی مرکز بن گیا ہے۔

انہوں نے بتایا کہ مہاراشٹر سیاحت کے شعبے میں پہلے مقام پر پہنچے یہ ان کی خواہش ہے۔ انہوں نے وارکریوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کے سہولت کے لیے 200 کلومیٹر طویل سنت گیانیشور پالکھی روڈ کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے۔ ساتھ ہی تکارام پالکھی روڈ کا بھی 110 کلومیٹر سے زائد کام مکمل ہو چکا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جلد ہی یہ دونوں راستے مسافروں کی سہولت کے لیے دستیاب ہوں گے۔ اس تقریب میں ریاست کے گورنر رمیش بیس، وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے اور دیگر معزز شخصیات موجود تھیں۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ریاستی حکومت کے مختلف منصوبوں کی تجاویز کو بغیر کسی کمی کے منظور کرنے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا۔

***** ***** *****

انکم ٹیکس محکمے نے مالی سال 25-2024 کے لیے 6 لاکھ 45 ہزار کروڑ روپیوں کا براہ راست ٹیکس جمع کیا ہے۔ اس ماہ کی 11 تاریخ تک 70 ہزار 902 کروڑ روپیوں کا محکمے نے ریٹرن بھی جاری کیا۔ محکمے کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق کل وصولی میں 2 لاکھ 65 ہزار کروڑ روپیوں کا کارپوریٹ ٹیکس، 3 لاکھ 61 ہزار 862 کروڑ روپیوں کا ذاتی انکم ٹیکس اور ایک ہزار کروڑ روپیوں کے دیگر ٹیکس شامل ہے۔

***** ***** *****

کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے پارٹی کے ان اراکین اسمبلی کو کاروائی کا انتباہ دیا ہے جنھوں نے پارٹی وہیپ کے خلاف قانون ساز کاؤنسل کے انتخابات میں مخالف امیدواروں کو ووٹ دیا۔ پٹولے نے ٹویٹر پر جاری کئے گئے ایک پیغام میں خبردار کیا کہ کاؤنسل انتخابات کے بعد سے متعلقہ اراکین پر نظر رکھی گئی ہے۔ اور جب ان کی شناخت ہو چکی ہے تو ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی اور انہیں پارٹی سے نکال دیا جائے گا۔

***** ***** *****

مہاراشٹر کی مختلف نگر پنچایتوں اور ایک میونسپل کاؤنسل کی 11 نشستوں کے لیے انتخابات آئندہ 11 اگست کو ہونگے۔ ریاستی انتخابی کمیشن نے یہ اطلاع دی۔ کمیشن نے بتایا کہ ان انتخابات کے لیے ووٹوں کی گنتی 12 اگست کو ہوگی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ خواہش مند امیدوار آئندہ 18 تا 24 جولائی کے دوران اپنی درخواستیں داخل کر سکتے ہیں۔ جبکہ درخواستوں کی جانچ پڑتال 25 جولائی کو کی جائے گی۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر تجارت پیوش گوئل نے تیقن دیا ہے کہ پیاز، کپاس اور سویابین کی قیمتوں میں کمی بیشی کے مدنظر مہاراشٹر کے کسانوں کو راحت دی جائے گی۔ اسٹیٹ ایگریکلچر ویلو کمیشن کے چیئر مین پاشا پٹیل نے اس سلسلے میں پیوش گوئل سے ملاقات کی تھی۔ جس کے بعد وزیر موصوف نے یہ یقین دہانی کرائی۔

***** ***** *****

ہوابازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے کل نئی ممبئی بین الاقوامی طیران گاہ منصوبے کا دورہ کیا اور کام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو منصوبے کی جلد تکمیل کی ہدایت دی۔ اس موقع پر شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر مملکت مرلی دھر موہول سمیت دیگر افسران موجود تھے۔

***** ***** *****

'مکھیہ منتری ماجھی لاڈکی بہن' اسکیم کے تحت چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں اب تک 16 ہزار 778 خواتین نے آن لائن جبکہ 62 ہزار 488 خواتین نے آف لائن درخواستیں داخل کی ہیں۔ ضلع کی خواتین واطفال کی ترقی کی افسر سورنا جادھو نے یہ اطلاع دی۔ یہ اندراج آنگن واڑی کارکنان اور مددگاروں کے ذریعہ ضلع کے دیہی علاقوں میں ناری شکتی دوت ایپ کے ذریعے کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

لاتور ضلع میں لاڈلی بہن اسکیم کے لیے درخواستیں داخل کرنے کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ موصولہ درخواستوں کی پہلی فہرست ضلع کے تمام شہری اور دیہی علاقوں میں ظاہر کی گئی۔ اس می درخواست دینے والوں کے نام اور منسلک کئے گئے دستاویزات کی اطلاع اس موقع پر دی گئی۔

ناندیڑ۔ واگھالہ میونسپل کارپوریشن کی جانب سے لاڈکی بہن اسکیم سے متعلق معلومات فراہم کرنے کے لیے 22 امدادی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ خبر میں بتایا گیا ہے کہ درخواستیں قبول کرنے کے لیے کارپوریشن کے ہر زون میں امدادی مراکز قائم کیا گیا ہے۔

احمد نگر ضلع میں اس اسکیم کے تحت زیادہ سے زیادہ استفادہ کرنے والی خواتین کو شامل کرنے کے لیے امدادی مراکز قائم کے گئے ہیں۔ کل کیٹر گاؤں علاقے میں اسی طرح کے امدادی مرکز کا افتتاح ضلع کلکٹر سدارام سالی مٹھو کے ہاتھوں عمل میں آیا۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن کی خاطر عوامی بیداری پیدا کرنے کے لیے نکالی گئی امن ریلی کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں اختتام پذیر ہوگئی۔ اس تحریک کے رہنما منوج جرانگے پاٹل نے ریلی کے خاتمے پر کہا کہ وہ آئندہ 20 جولائی کو اسمبلی انتخابات میں حصہ لینے سے متعلق فیصلہ کریں گے۔
اس دوران ہنگولی سے شروع ہونے والی یہ ریلی مراٹھواڑہ کے مختلف اضلاع سے ہوتے ہوئے کل چھترپتی سمبھاجی نگر پہنچی۔ اس موقع پر رکن پارلیمان سندیپان بھومرے نے جرانگے پاٹل کا استقبال کیا۔ ریلی میں مراٹھا سماج کے شہریان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

***** ***** *****

انیل گوئیکر اور چندرکانت ہزارے نے کل لاتور میں دھنگر سماج کو درج فہرست قبائل میں شامل کرنے کے مطالبے پر گذشتہ 16 دنوں سے جاری بھوک ہڑتال ختم کردی۔ وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے ان مطالبات پر دھنگر سماج کے وفد سے تبادلہ خیال کیا اور وعدہ کیا کہ وہ آئندہ 8 دنوں میں اس سے متلق اعلیٰ سطحی میٹنگ کا انعقاد کریں گے۔ لاتور کے رابطہ وزیر گریش مہاجن نے ایک خط کے ذریعے احتجاج کرنے والوں کو یہ اطلاع دی۔ مظاہرین نے اپنی برادری سے صلاح ومشورے کے بعد سب ڈویژنل افسر روہنی نرہے ویرول کی موجودگی میں بھوک ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کردیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں کل مجلس اتحادالمسلمین ایم آئی ایم کے قومی صدر اسدالدین اویسی نے آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیش نظر پارٹی کے مقامی عہدیداروں اور کارکنان سے بات چیت کی۔ اس موقع پر پارٹی کے ریاستی صدر سید امتیاز جلیل سمیت دیگر عہدیداران موجود تھے۔

***** ***** *****

لاتور میں آج ضلع انتظامیہ کی جانب سے گرین فیسٹیول کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ آج صبح مہاتما گاندھی چوک تا گنج گولائی کے درمیان شجر کاری کی خاطر دنڈی نکالی جائے گی۔ گنج گولائی تا ہنومان مندر علاقے میں شہریان کے لیے مختلف پودے اور ضروری سامان ایک ہی جگہ رعایتی داموں پر دستیاب ہوگا ۔فیسٹول میں پودوں کے انتخاب اور انہیں لگانے سے متعلق معلومات دی جائے گی۔

***** ***** *****

زمبابوے کے خلاف ٹی ٹوئنٹی کرکٹ سیریز کے چوتھے مقابلے میں بھارت نے زمبابوے کو دس وکٹوں سے ہرادیا۔ اور سیریز میں 1-3 سے سبقت حاصل کرلی ۔کل کھیلے گئے میچ میں بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ زمبابوے نے 7 وکٹوں کے نقصان پر 152 رن بنائے۔ جوابی کھیل کے دوران یشسوی جیسوال کے 93 اور شھومن گل کے 58 رنوں کی بدولت بھارت نے 16 ویں اوور ہی میں بغیر کسی وکٹ کے نقصان پر جیت کا ہدف حاصل کرلیا۔ یشسوی جیسوال کو مین آف دی میچ کے اعزاز سے نوازا گیا۔ سیریز کا 5 واں اور آخری میچ آج ہوگا۔

***** ***** *****

محکمہ موسمیات نے ممبئی، تھانے، رتنا گیری، پونے اور ستارا اضلاع کے لیے اورینج الرٹ، رائے گڑھ کے لیے ریڈ الرٹ، ناسک، پال گھر، سندھو درگ اور کولہاپور اضلاع کے لیے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ اسی طرح مراٹھواڑہ کے کئی علاقوں میں بادلوں کی گن گرج اور بجلی کی چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

***** **** *****

## :::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مہاراشٹر کو اقتصادی ترقی کا پاور ہاؤس اور ممبئی کو فن ٹیک راجدھانی بنانا میرا خواب ہے۔ وزیر اعظم کا بیان۔

☆ قانون ساز کاؤنسل میں پارٹی وہیپ کے خلاف ووٹ دینے والے اراکین پر کاروائی کا کانگریس پارٹی کا انتباہ۔

☆ مراٹھا ریزرویشن کی خاطر بیداری کے لیے امن ریلی کا چھترپتی سمبھا جی نگر میں اختتام۔

☆ دھنگر سماج کے مطالبات کے لیے لاتور میں گذشتہ 16 دنوں سے جاری بھوک ہڑتال کا اختتام۔

اور۔۔ ☆ چوتھے T-20 کرکٹ مقابلے میں بھارت نے زمبابوے کو 10 وکٹوں سے ہرایا۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****